# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: | یونٹ:1 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | | سبق کا نام: یہ میری کتاب نہیں | |
| **مقاصد:** متن درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔ | | | |
| **تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختہ تحریر، کتاب "اردو دوم"، گتے کا ڈبا، جس پر رنگ دار کاغذ چڑھا کر لکھا ہو "لفظی جیب"، ٹوکری، مختلف رنگوں کی 4 پرچیاں، جن پر 1 تا 4 نمبر لکھے ہوں، سبق میں دیے گئے چند مشکل الفاظ کے کارڈ | | | |

## تحریکی سرگرمی: (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں۔ بچوں کو السّلام علیکم کہیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں سے گزشتہ روز کے کام کے بارے میں پوچھیں۔ بچوں کی ذہنی آمادگی کے لیے بورڈ پر چند سوالات لکھیں۔ جیسے: ہمیں کیسی عادات اپنانی چاہییں؟ کیا آپ زندگی کے ہر معاملے میں سچ بولتے ہیں؟
- بچوں سے کہیں کہ ان سوالات کو غور سے دیکھیں۔ سوچ کر جواب بتائیں۔ جو بچہ سب سے پہلے ہاتھ کھڑا کرے، اسے بتانے کا موقع دیں۔ درست جواب پر اس کے لیے تالیاں بجوا کر حوصلہ افزائی کریں اور غلط پر کسی اور بچے کو بتانے کا موقع دیں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (20منٹ)

- سبق کے آغاز سے پہلے ایک سرگرمی کریں۔ کسی خالی ڈبّے پر رنگ دار کاغذ لپیٹ کر ایک ڈبا تیار کریں۔ اس پر لکھ دیں:
- "لفظی جیب"۔ سبق میں دیے گئے "تلفظ سیکھیں" کے الفاظ کے کارڈ تیار کر لیں، جہاں ضروری ہو اعراب کا خاص خیال رکھیں اور وہ پرچیاں اس ڈبے میں ڈال دیں۔ بچوں کی مختلف جوڑیاں بنا کر لفظی جیب باری باری ان کے سامنے کریں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ اس میں سے ایک ایک کارڈ اٹھا لیں اور کارڈ پر لکھے ہوئے الفاظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔ جو بچہ درست تلفظ کے ساتھ لفظ پڑھے، اس کے لیے تالیاں بجوائیں۔ بعد ازاں وہ الفاظ بورڈ پر لکھ کر بآواز بلند پڑھائیں۔ اس کے بعد بچوں سے کارڈ لے کر لفظی جیب میں ڈال کر اسے دیوار پر چسپاں کر کے لفظی دیوار بنا دیں۔
- بچوں کے 3 گروہ بنا دیں۔ اب 3 پرچیاں بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈالیں، جن پر 1 تا 3 نمبر لکھے ہوں۔ وہ ٹوکری باری باری تینوں گروہوں کے سامنے کریں اور انھیں اس میں سے کوئی سی ایک پرچی اٹھانے کے لیے کہیں۔ جس گروہ کے پاس جس نمبر کی پرچی آئے گی، وہ گروہ سبق کے اسی پیراگراف کی بلند خوانی کرے گا۔

| |
|---|
| • سبق کی بلند خوانی درست تلفظ کے ساتھ پہلے خود کریں۔<br>• اب ہر گروہ سے تفویض کردہ پیراگرف کی خواندگی کروائیں۔ اس سرگرمی کے لیے ان بچوں کا انتخاب کریں جو کمرہ جماعت میں ہونے والی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے کتراتے ہوں۔ جہاں بچوں کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقّت پیش آرہی ہو گی تو اس کی اساتذہ رہنمائی کریں گے۔<br>• دورانِ پڑھائی میں کی جانے والی غلطیوں پر بچوں کو ٹوکا نہ جائے۔ اس سے بچے اپنی خود اعتمادی کھو دیتے ہیں اور جماعت کی سرگرمیوں میں حصہ لینے میں جھجک محسوس کرتے ہیں۔ سبق سے متعلق بچوں کے فہم کا جائزہ لینے کے لیے بچوں سے مختلف سوالات کریں۔ |
| **اعادہ:** (3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:** (5منٹ) پڑھائے گئے سبق کے مختلف حصوں کی مختلف بچوں سے پڑھائی کروائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:** (2منٹ) پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: یہ کتاب میری نہیں | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی اور سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو دوم"، گتے کا ڈبا، الفاظ کے کارڈ اور اسٹکی نوٹ

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کو بتائیں کہ ہر لفظ کا کوئی نہ کوئی مطلب ہوتا ہے، جس کی وجہ سے ہم ایک دوسرے کی بات یا تحریر کو سمجھ پاتے ہیں۔ اگر ہم الفاظ کے درست معنی نہ جانتے ہوں تو ہماری بات غلط بھی ہو سکتی ہے۔ بچوں کو بتائیں کہ آج ہم کچھ نئے الفاظ اور ان کے معانی سیکھیں گے۔
- اب بورڈ پر دو کالم بنائیں۔ ایک کالم میں میں "الفاظ" اور دوسرے میں "معانی" لکھیں۔
- اب الفاظ والے کالم میں کتاب کے صفحہ نمبر 47 پر دیے ہوئے الفاظ میں سے ایک لفظ "للچانا" لکھیں اور بچوں سے اس کا درست تلفظ پوچھیں، اور اس کا معانی لکھیں: لالچ کرنا۔ اسی طرح مشق یہ نئے الفاظ کے تحت دیے گئے باقی الفاظ پر کروائیں۔
- اب کوئی لفظ بولیں اور بچوں سے پوچھیں کہ کس بچے کو اس لفظ کا مطلب معلوم ہے کیونکہ بچے ان الفاظ کے معنی کر چکے ہیں۔؟ جو بچہ بتائے، اس کے لیے تالیاں بجوا کر حوصلہ افزائی کریں اور معانی والے کالم میں اس لفظ کے سامنے اس کا معانی لکھ دیں۔ اس طرح یہ سرگرمی باقی الفاظ پر کروائیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- ایک چوکور ڈبّا جماعت میں آنے سے پہلے تیار کر لیں۔
- ڈبے کی چاروں اطراف میں رنگ برنگ کا کاغذ چڑھالیں۔ ڈبے کی چاروں اطراف میں کاغذ کی چھوٹی چھوٹی جیبیں بھی بنا دیں۔
- سبق کے چار سوالات کی پرچیاں بنا کر ڈبے کی اطراف میں بنی ہوئی جیبوں میں ڈال دیں مگر جیبوں میں ڈالنے سے پہلے پرچیوں کا رخ اندر کی طرف کر دیں۔
- کسی ایک گروہ میں سے کسی بھی بچے کو بُلائیں اور اسے ڈبّا ایسے گھما کر زمین پر لڑھکانے کو کہیں جیسے پاسا پھینکا جاتا ہے۔
- پھینکے جانے پر ڈبّے کی جو جیب اُوپر کی جانب آئے اُس جیب سے پرچی نکال کر اس پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس بچے کو اس سوال کا جواب دینے کے لیے کہیں۔
- اس طرح سے یہ سرگرمی باقی سوالات پر مختلف بچوں سے بھی کروائیں۔ درست جوابات دینے والے بچوں کو شاباش دیں۔

| |
|---|
| • اب بورڈ پر یہ سوالات لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے جوابات لکھوائیں۔ |
| **اعادہ:**(3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ) بورڈ پر تفہیم کے سوال نمبر 1 میں دیے گئے پہلے 2 سوالات لکھ دیں۔ باری باری مختلف بچوں کو بلا کر ان سے ان سوالات کے جوابات لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ) سوال نمبر 1 میں دیے گئے سوال کا جواب کاپیوں پر لکھیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: یہ میری کتاب نہیں | |

**مقاصد:** درست جواب کے گرد دائرہ لگا سکیں۔

غلط درست فقرات کی نشان دہی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔ گیند، پرچیاں، کارڈ، ٹوکری

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- سبق کے اعادہ کے لیے کتاب کے صفحہ نمبر 47 پر دیے گئے سوالات کی پرچیاں بنا کر جماعت میں لائیں۔
- جماعت کو پانچ گروہوں میں تقسیم کریں ہر گروہ کا ایک لیڈر بھی مقرر کریں۔
- اب ایک ٹوکری میں سوالات کی پرچیاں ڈال کر باری باری پانچوں گروہوں کے پاس جائیں اور ان کے لیڈر سے کہیں کہ وہ ان میں سے کوئی بھی ایک پرچی اٹھالیں۔
- پھر ہر گروہ کو مخصوص وقت دیں اور ان سے کہیں کہ وہ اپنی اپنی پرچیاں کھول کر اس پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس سوال کا درست جواب مل کر باہم مشورے سے دیں۔
- مخصوص وقت کے بعد ہر گروہ کے لیڈر سے کہیں کہ وہ آئے اور اپنی پرچی پر لکھا ہوا سوال اور اس کا جواب باقی بچوں کو پڑھ کر سنائے۔
- اس طرح یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔ جس گروہ کے بچے درست جواب لکھیں گے وہ یہ مقابلہ جیت جائیں گے۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- کتاب کے صفحہ نمبر 47 پر موجود مشق کے سوال نمبر 2 کی سرگرمی کو مکمل کروانے کے لیے دیے گئے سوالات کی پانچ پرچیاں اس طرح سے بنائیں کہ ہر سوال کے سامنے تین تین ڈبے بنے ہوں، جن میں سوالات کے ممکنہ تین تین جوابات لکھے ہوں۔
- بچوں کو پانچ گروہوں میں تقسیم کریں ان گروہوں کا ایک ایک لیڈر بھی بنا دیں۔
- ایک ٹوکری میں پانچوں پرچیاں بند کر کے رکھ دیں۔
- اب باری باری یہ ٹوکری تینوں گروہوں کے پاس لے جائیں اور ان کے لیڈروں سے کہیں کہ وہ آنکھیں بند کر کے ان میں سے کوئی سی ایک پرچی اٹھالیں۔

- ہر گروہ کو مخصوص وقت دیں اور ان سے کہیں کہ وہ اپنی اپنی پرچی کھول کر اس پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس سوال کا درست جواب مل کر سوچیں اور پھر باہم مشورے سے اس کے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔
- اس دوران میں بورڈ پر سوال نمبر 2 کے سوالات اور ان کے ممکنہ جوابات سامنے لکھ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کوئی سوال بولیں۔
- جس گروہ کے پاس اس سوال پر مبنی پرچی آئی ہو گی، اس کا لیڈر آ کر بورڈ پر اس سوال کو تلاش کرے گا اور درست جواب کے گرد دائرہ لگائے گا۔
- درست جواب پر حوصلہ افزائی کریں اور غلط جواب پر کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔
- اس طرح سے یہ سرگرمی باقی سوالات پر دوسرے گروہوں کے لیڈروں سے بھی کروائیں۔
- جس گروہ کے بچے جلد درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں گے وہ یہ مقابلہ جیت جائیں گے۔
- اگلی سرگرمی کے لیے بچوں کے پانچ گروہ بنا دیں۔ ہر گروہ کو مشق کے سوال نمبر 3 میں دیے گئے جملوں کے کارڈ بنا کر دیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ کارڈ پر لکھے ہوئے جملے پڑھیں، اور ان کے غلط اور درست ہونے کی نشان دہی کریں۔ اس کے لیے انھیں چند سیکنڈ کا وقت دیں۔
- اس دوران میں بورڈ پر وہی جملے لکھ دیں جن کی پرچیاں بچوں کو دی ہوں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچے کو کارڈ سمیت بلائیں اس سے کہیں کہ وہ بورڈ پر لکھے ہوئے جملوں میں دیکھے کہ ان کے پاس کون سا جملہ آیا تھا؟
- اسی طرح یہ سرگرمی باقی جملوں پر مختلف گروہوں کے بچوں سے کرواتے ہوئے تمام جملے مکمل کروائیں۔
- جس گروہ نے یہ سرگرمی درست طور پر کی ہو گی، اس کو شاباش دیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر چند جملے لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے غلط درست ہونے کی نشان دہی کروائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: یہ کتاب میری نہیں | |

**مقاصد:** تصاویر دیکھ کر کہانی سنا سکیں۔

الفاظ کے حروف الگ الگ کر کے لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو دوم"، تصویری کہانی کے فلیش کارڈ، سادہ شیٹیں۔ پلاسٹک کی تھیلیاں

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں سے گزشتہ روز کروائے گئے کام کے بارے میں پوچھیں۔
- بچوں کے دو گروہ بنا دیں۔ تصویری کہانی کے فلیش کارڈ پلاسٹک کی تھیلیوں میں اس طرح سے ڈال دیں کہ ایک تھیلی میں کہانی سے متعلقہ تمام تصویریں ہوں۔
- دونوں گروہوں کو یہ تھیلی دے دیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ تھیلیاں کھول کر ان میں سے تصویریں نکال کر انھیں درست ترتیب دیں۔
- ان کی مدد سے کہانی بنائیں اور گروہ میں ایک دوسرے کو سنائیں۔
- کہانی کا اخلاقی سبق بھی ایک دوسرے کو بتائیں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچے کو بلائیں۔ اسے تصویریں بورڈ پر چسپاں کرنے اور ان سے متعلق اپنے گروہ کی بنائی ہوئی کہانی سنانے کے لیے کہیں۔
- اس طرح سے یہی سرگرمی دوسرے گروہ سے بھی کروائیں۔ بچوں سے کہانی کا اخلاقی سبق بھی پوچھیں۔ درست کہانی بنانے والے گروہ کو شاباش دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم الفاظ کے حروف الگ الگ کرنے کی سرگرمی کریں گے۔
- اب تختۂ تحریر پر لفظ "جیب" لکھیں۔ بچوں سے لفظ پڑھوائیں۔
- اب بچوں سے پوچھیں کہ لفظ "جیب" میں کتنے حروف ہیں۔ جو بچہ پہلے ہاتھ بلند کرے اسے بتانے کا موقع دیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

- اب بورڈ پر جیب کے حروف "ج۔ے۔ب" الگ الگ کر کے لکھیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی سوال نمبر 5 کے تحت دیے گئے باقی الفاظ پر کروائیں۔
- اب بچوں کے پانچ گروہ بنادیں۔
- بچوں سے کہیں کہ آپ الفاظ بولیں گے یا گی۔ انھوں نے غور سے الفاظ سننے ہیں اور پھر ان کے حروف الگ الگ کرنے ہیں۔
- اب لفظ "گھنٹی" بولیں۔ جس گروہ کے بچے پہلے ہاتھ بلند کریں، ان کے کسی بچے کو بتانے کا موقع دیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔
- اس طرح سے یہ سرگرمی سوال نمبر 5 کے تحت دیے ہوئے باقی الفاظ پر بھی کروائیں۔ درست الفاظ بنانے والے گروہ کو شاباش دیں۔
- جماعت کے بچوں کے پانچ گروہ بنادیں۔ ہر گروہ کو چارٹ کی بنی ہوئی مختلف رنگوں کی قلفیاں دیں، جن کے اندر سوال نمبر 5 کے تحت دیے گئے الفاظ لکھے ہوں اور ان کے نیچے حروف لکھنے کی کی جگہ ہو۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ قلفی کے اندر لکھے ہوئے الفاظ دیکھیں اور ان کے حروف الگ الگ کر کے دی ہوئی جگہ میں لکھیں۔ اس کے لیے انھیں چند سیکنڈ کا وقت دیں۔ اس دوران میں بورڈ پر سوال نمبر 5 کے تحت دیے گئے الفاظ لکھ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی گروہ کے بچے کو بلائے۔ اس سے کہیں کہ ان کے پاس جس لفظ پر مبنی پرچی آئی تھی، بورڈ پر وہ لفظ تلاش کرے اور اس کے سامنے اس کے حروف الگ الگ کر کے لکھیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔
- اس طرح سے یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔ درست طور پر یہ سرگرمی کرنے والے گروہ کو شاباش دیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر تفہیم کے سوال نمبر 3 میں دیے گئے سوالات لکھ دیں۔ باری باری مختلف بچوں کو بلا کر ان سے ان سوالات کے جوابات لیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کیے گئے کام کی مشق کرنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | سبق کا نام: یہ کتاب میری نہیں | |

**مقاصد:** عبارت پڑھ کر سوالات کے جوابات دے سکیں۔

فعل ماضی کے بارے میں پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو دوم"، ٹوکری، سادہ شیٹس، پرچیاں، گیند

**تحریکی سرگرمی:** (5 منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کے چار گروہ بنادیں اور ہر ایک کا ایک ایک لیڈر منتخب کر دیں۔
- سوال نمبر 6 میں دی گئی عبارت خاموشی اور توجہ سے پڑھوائیں۔
- اس کام کے لئے انہیں وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ میں سے متفرق بچوں سے عبارت سے متعلق سوالات کریں۔
- درست جواب دینے والے گروہ کو شاباش دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25 منٹ)

- اب بورڈ پر جملہ لکھیں:
- 'لڑکوں نے کرکٹ کھیلی۔" بچوں سے جملے کی بلند خوانی کروائیں۔ بورڈ پر ایک اور جملہ لکھیں: "عائشہ نے کتاب خریدی"۔ بچوں سے جملے کی بلند خوانی کروائیں۔ بچوں کو بتائیں کہ پہلے جملے میں لڑکے کرکٹ کھیلنے کا کام کر رہے تھے۔ جبکہ دوسرے جملے میں سارہ کتاب خریدنے کا کام کر رہی تھی۔ جملوں میں الفاظ "کھیلا، خریدی" کو خط کشیدہ کریں۔ بچوں کو بتائیں کہ یہ ایسے الفاظ ہیں جو کسی کام کے ہونے یا کرنے کو ظاہر کر رہے ہیں۔ بچوں کو بتائیں کہ ایسے الفاظ جو کسی کام کے کرنے یا ہونے کو ظاہر کرے، اسے "فعل" کہتے ہیں۔

لڑکوں نے فٹ بال کھیلا تھا۔

سارہ نے کتاب پڑھی تھی۔

| |
|---|
| • بچوں سے جملے پڑھوائیں۔ اب بچوں کو بتائیں کہ اوپر دیے ہوئے جملوں کو پڑھنے سے پتا چلتا ہے کہ لڑکوں نے گزرے ہوئے زمانے میں فٹبال کھیلا تھا اور سارہ نے بھی گزرے ہوئے دنوں میں کتاب پڑھی تھی۔ بچوں کو بتائیں کہ وہ کام جو گزرے ہوئے زمانے میں ہوا ہو، اسے "فعل ماضی" کہتے ہیں۔ مختلف مثالوں کے ذریعے سے اس کی وضاحت کریں۔<br>• اب بورڈ پر سوال نمبر 7 کے تحت دیئے گئے جملے لکھیں۔ احمد کھانا کھاتا ہے۔ سعدیہ کتاب پڑھتی ہے۔ عدنان سبق پڑھتا ہے۔ امّی کپڑے دھوتی ہیں۔<br>• اب پہلا جملہ بولیں اور بچوں کو اسے فعل ماضی میں تبدیل کرنے کے لیے کہیں۔ بچوں کے جوابات لیں اور فعل ماضی والے جملے میں جملے کو تبدیل کر کے لکھیں اور پڑھائیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی جملوں پر کروائیں۔<br>• اب کے پانچ گروہ بنا دیں اور ہر گروہ میں سے ایک ایک بچے کو بلا کر انھیں ایک دائرے میں کھڑا کر دیں۔<br>• اب دائرے میں کھڑے ایک بچے کو کوئی گیند دیں، جس پر سادہ جملوں کی چٹیں اس طرح سے لگی ہوں کہ ان پر لکھے ہوئے جملے نظر نہ آئیں۔<br>• خود گھنٹی بجانا شروع کریں اور اس بچے سے کہیں کہ وہ گیند اگلے بچے کو دے دے۔ اس طرح سے بچے گیند ایک دوسرے کو دیتے جائیں۔ اچانک گھنٹی بجانا بند کر دیں۔ اس وقت گیند جس بچے کے ہاتھ میں ہو، گیند پر لگی ہوئی چٹوں میں سے ایک چٹ اتار کر اس پر لکھا ہوا جملہ پڑھیں اور اس بچے کو اسے فعل ماضی میں تبدیل کرنے کے لیے کہیں۔ درست جواب پر اس گروہ کو دو نمبر مل جائیں گے اور غلط جواب پر کسی دوسرے گروہ کے بچے کو جواب بتانے کا موقع دیا جائے گا۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی جملوں پر بھی کروائیں۔ آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گا۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر دو کالم بنا کر ایک میں سادہ جملے اور دوسرے میں فعل ماضی کی سرخی لکھ دیں۔ سادہ جملے والے کالم میں سادہ جملے لکھ دیں۔ مختلف بچوں کو بلا کر ان سے سادہ جملوں کو فعل ماضی میں تبدیل کروائیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) سوال نمبر 7 میں دیئے گئے جملوں کی مشق کریں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | سبق کا نام: یہ کتاب میری نہیں | |

**مقاصد:** جملوں میں رموزِ اوقاف سکتہ اور وقفہ کا دُرست استعمال کر سکیں۔
دیئے گئے موضوع پر جملے لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو دوم" ،جملوں کی پرچیاں

**تحریکی سرگرمی:**

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں سے گزشتہ روز کروائے گئے کام کے بارے میں پوچھیں۔
- بچوں کو سوال نمبر 9 کی سرگرمی کروانے کے لیے بورڈ پر سوال لکھیں۔
- سبق "یہ کتاب میری نہیں" میں اگر آپ ابرار کی جگہ ہوتے تو کیا کرتے؟ بچوں کو گروہوں میں تقسیم کریں۔
- انہیں آپس میں بات چیت کرنے کا موقع دیں۔ اس کام کے لیے انہیں وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد بچوں سے کہیں کہ اپنے سوچے ہوئے جملوں کو لکھیں۔ بہترین جملے لکھنے والے گروہ کو شاباش دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- بچوں سے پوچھیں کہ علامت سکتہ سے کیا مراد ہے؟ یہ علامت جملے میں کہاں لگائی جاتی ہے؟ بچوں کے جوابات لیں۔
- اب بورڈ پر جملہ لکھیں:

احمد، علی، اسد اور ارشد اکٹھے اسکول جاتے ہیں۔

بچوں کو بتائیں کہ اس جملے میں ( ، ) علامت بار بار استعمال کی گئی ہے۔ اس علامت کو جملے میں سانس کے برابر چھوٹا سا وقفہ لینے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ اسے سکتہ کہتے ہیں۔

- بچوں کو بتائیں کہ عبارت یا جملے میں جب سکتے سے زیادہ ٹھہراؤ کی ضرورت ہوتی ہے تو وہاں جو علامت استعمال کی جاتی ہے، اسے علامت وقفہ کہتے ہیں۔ مختلف مثالوں کے ذریعے سے اس کی وضاحت کریں۔
- سوال نمبر 8 کے تحت دیے ہوئے جملوں کی پرچیاں اس طرح سے بنالیں کہ ہر جملے کے نیچے ایک جملہ لکھنے کی جگہ ہو۔
- یہ پرچیاں بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔

| |
|---|
| • بچوں کے 4 گروہ بنا دیں اور یہ ٹوکری باری باری ہر گروہ کے سامنے لے جائیں۔ بچوں کو اس میں سے ایک ایک پرچی اٹھانے کی ہدایت دیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ پرچیاں کھول کر ان پر لکھے ہوئے جملے پڑھیں اور پھر ان میں درست جگہ پر وقفہ یا سکتہ کی علامت کا استعمال کرتے ہوئے جملے دوبارہ لکھیں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔<br>• درست طور پر یہ سرگرمی کرنے والے گروہ کو شاباش دیں۔<br>• اب بورڈ پر سوال نمبر 8 کے تحت دیے گئے جملے لکھیں اور ان میں درست جگہ پر وقفہ اور سکتہ کی علامت لگا کر جملے دوبارہ لکھیں۔ بچوں سے جملے پڑھوائیں۔ اب بچوں سے کہیں کہ وہ کتابیں کھولیں اور ان پر دیا ہوا سوال نمبر 8 بورڈ سے دیکھ کر حل کریں۔ اس دوران میں کمرہ جماعت میں گھوم پھر کر ان کے کام کا جائزہ لیں اور جہاں ضروری ہو ان کی رہنمائی کریں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں اور بچوں کی اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر سوال نمبر 8 کے تحت دیے گئے جملے لکھیں۔ مختلف بچوں کو باری باری بلا کر ان سے جملوں میں درست جگہ پر وقفہ اور سکتہ کی علامت لگوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروایا گیا سبق دہرائیں۔ |